# 34432 ـ گاڑی میں بلند آواز سے میوزك لگانا

**سوال**

گانے سننے كا حكم كيا ہے، اور جو لوگ اپنی گاڑی میں بلند آواز سے میوزك چلاتے ہيں ان كا حكم كيا ہے ؟

**پسنديده جواب**

الحمد للہ.

گاڑی ميں بلند آواز سے ميوزك چلانا علانيہ طور پر معصيت كرنے ميں شامل ہوتا ہے، اور رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم كا فرمان ہے:

" ميری سارى امت كو معاف كر ديا جائيگا، ليكن وہ شخص جو اعلانيہ طور پر معصيت كا مرتكب ہو اسے نہيں "

صحيح بخاری حديث نمبر ( 6069 ) صحيح مسلم حديث نمبر ( 2990 ).

اس حديث ميں ہر اس شخص كے ليے سخت وعيد بيان ہوئی ہے جو برائی اعلانيہ طور پر كرتا ہے، اور اسے نشر كرتا اور پھيلاتا ہے، اور اس كی صراحت كرتا ہے، اور يہ مجاہر يعنی اعلانيہ طور پر معصيت كا مرتكب شخص نہ تو اللہ تعالى سے حيا كرتا ہے، اور نہ ہی اللہ كی مخلوق سے، اس ليے ايسے شخص كو اس سے روكنا اور اسے نصيحت كرنی چاہيے.

اللہ تعالى سے ہمارى دعاء ہے كہ وہ مسلمانوں كی حالت سدھارے "

واللہ اعلم .